Urdu

HSE Health & Safety Executive

کیٹرنگ میں دیکھ بھال کی ترجیحات

Catering Sheet No 12 کیٹرنگ شیٹ نمبر :12

تعارف :

کیٹرنگ کے شعبہ میں تقریباً دو تہائی حادثات یا تو دیکھ بھال کے حوالے سے ہوتے ہیں یا اس کے دوران ہوتے ہیں بعض اوقات یہ مسائل دیکھ بھال پیش آتے ہیں . کے پست معیار یا دیکھ بھال میں لاپرواہی کی وجہ سے

یہ حادثات معاشی اور جسمانی تور پر بے حد نقصان دہ ہوسکتے ہیں.

گوزیادہ تر حادثے بری دیکھ بھال کی وجہ سے پیش آتے ہیں لیکن کام کرنے کی جگہ یا وہاں کی عمارت میں دیکھ بھال کی کمی بھی ان کا باعث بن سکتی ہے.

اہل عملے کے ذریعے کام کے سامان اور آلات کی دیکھ بھال حادثات کے بچاؤ کا ایک طریقہ ہے. دیکھ بھال کا کام بھی محفوظ انداز میں کرنا چاہیے.

یہ معلوماتی شیٹ کیٹرنگ کے آلات اور کام کی جگہ پر دیکھ بھال کی ذمہ داری والے افراد کے لیے تیار کی گئی ہے یہ اس حوالے سے ان ترجیحات کی نشاندہی کرتی ہے جو مختلف حادثوں تجربات کے نتیجے میں وضع کی گئی ہیں.

حادثات

دیکھ بھال میں لاپرواہی کے نتیجے میں 5 اقسام کے حادثات ہوسکتے ہیں:

- پھسلنا
- گرم یا مضر اشیاء سے چھوجانا
- بجلی کہ جھٹکا
- آگ لگانا یا دھماکہ ہونا؛ اور
- مشینوں سے وابستہ حادثات

ان حادثات سے بچاؤ کے لیے ٹیبل ۱ سے رہنمائی حاصل کیجئے

ٹیبل ۱ حادثات سے بچاؤ

حادثے کی قسم	متعلقہ وجوہات	بچاؤ
پھسلنے کے واقعات	پھسلنے کے زیادہ حادثات پانی کے اخراج، غیر محفوظ طریقے سے فرش صاف کرنا اور گیلے فرش کی وجہ سے	ان حادثات سے بچاؤ کے لیے ہر قسم کے لیکیجز کی مرمت، ایسا سامان جس میں بہنے والے چیزیں رکھی گئی ہوں ان پر ڈھکنا رکھیے. دھلائی کے بعد فرش کو فورا خشک کیجئے. گیلے فرش پر گیلے فرش کا نشان لگائیے
گرم یا مضر اشیاء	عموماً یہ حادثات الات اور سامان کی بری دیکھ بھال یا صفائی کے کیمیکلز کو چھو جانے یا پھر گرم تیل کے گرجانے سے	برتنوں میں گرم تیل نکالنے اور کام کی جگہ کی صفائی کا محفوظ طریقہ اختیار کیجئے. ڈس واشر اور ایسا سامان جس سے بھاپ کا اخراج ہوتا ہو، ان کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دیجئے
برقی خطرات	بجلی کے پلگ اور تاروں کی غیر معیاری دیکھ بھال اور کھانے گرم کرنے کی ٹرالیز ایسے حادثات کی عام وجہ بنتی ہیں	باقاعدہ معائنہ جات اور جانچ (ٹیبل نمبر 2 دیکھیے)
آگ اور دھماکے	گیس کے استعمال کے آلات کی غیر معیاری دیکھ بھال یا دیکھ بھال سے لاپروائی ان حادثات کا سبب بنتی ہے	یہ لازم ہے سامان اور آلات کی جانچ اور دیکھ بھال اہل افراد سے کروائی جائے آگ سے بچاؤ کے لیے وینٹیلیشن فلٹر میں جمی گرد بھی صاف کی جائے
مشینی حادثے	غیر محفوظ انداز سے مشینوں کی صفائی، سلائسنگ مشین کے پرزوں کو جوڑنے اور گارڈز کی غیر معیاری دیکھ بھال کی وجہ سے	آلات کو جوڑنے اور ان کی صفائی کے لیے عملے کو باقاعدہ تربیت دی جائے اور روزانہ گارڈز کا معائنہ کیا جائے آلات کی مرمت کروانے میں لاپروائی نہ برتی جائے .

دیکھ بھال کے امور کا انتظام

ان کام کی جگھوں پر جو کیٹرر کی ملکیت نہ ہو مثلاً اسکولوں میں کیٹرنگ، ایسی جگھوں کے حوالے سے صفائی اور دیکھ بھال کی ذمہ داری کا تعین کرنا اہم ہے۔

چند حالتوں میں بجلی اور گیس کے نظاموں کی دیکھ بھال صرف تربیت یافتہ اور اہل لوگ ہی کرسکتے ہیں.

دیکھ بھال کی پالیسی بناتے وقت کیٹرر کو چاہیے کہ ان اشیاء کی نشاندہی کرے جن کی دیکھ بھال مقصود ہے اس حوالے سے کام اور دیکھ بھال کی مدت کہ تعین ضروری ہے اور یہ کہ اس کام کے ذمہ دار افراد کی اہلیت کیا ہے۔

کسی ایسے پروگرام کی تیاری کا تعلق دیگر کاموں میں ہیلتھ اینڈ کے خطرات کی جانچ سے قائم کیا جاسکتا ہے۔

دیکھ بھال کے کاموں کی اقسام

دیکھ بھال کے کاموں کی ۵ اقسام ہیں:

- صفائی
- ٹوٹ پھوٹ کی نشاندہی کرنے کے لیے روز مرہ کی جانچ
- باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت کی گئی جانچ
- ناکارہ ہوجانے پر مرمت اور معائنہ جات اور ٹیسٹ
- صفائی

کیٹرنگ بزنس میں صفائی بنیادی اہمیت کی حامل ہے اس حوالے سے حفظان صحت کے اصولوں کی رہنمائی شیٹ دیکھ سکتے ہیں مندرجہ ذیل میں دیئے گیے اقدامات کسی جسمانی نقصان یا صحت پر مضر اثرات سے بچاؤ میں کار آمد ثابت ہوسکتے ہیں.

- صفائی کے محفوظ طریقہ کار اپنائیے
- صفائی کی کیمیلز کا استعمال محفوظ طریقے سے کیجئے
- عملے کو اس حوالے سے تربیت دیجئے اور ان کی نگرانی کیجئے
- فرش پر بہنے والے کسی بھی اخراج کو فوری طور پر صاف کیجئے
- ڈیٹر جنٹ کو فرش پر گیلے نہ کیجئے
- فرشوں کو دھونے کے بعد یا تو فوراً خسک کیجئیے یا ان پر گیلے فرش کا سائن لگادیجئے

روز مرہ کی چیکنگ

مندرجہ ذیل کے حوالے سے روزانہ معائنہ کیجئے تاکہ کسی بھی ٹوٹ پھوٹ کا فوراً علم ہوسکے:

- مشین گارڈز
- گیس کے آلات اور سامان کا کنٹرول
- بجلی کے پلگ اور تاریں
- وینٹیلیشن کا نظام، اور
- ایسا سامان جس سے فرش پر کسی بہنے والے چیز کا اخراج ہو رہا ہو

ان سب کاموں کے لیے اور کسی قسم کی خرابی کی تفصیلی رپورٹ دینے کے لیے عملے کی تربیت لازمی ہے.

منصوبہ بندی کے تحت کی گئی دیکھ بھال

مناسب کو الیفیکیشن اوراہلیت کے حامل انجینئروں سے آلات اورکام کے سامان کی باقاعدہ جانچ کروایئے تاکہ ان کی کار کردگی محفوظ ہے.

ناکارہ سامان کی دیکھ بھال

کسی خراب شدہ سامان کی مکمل مرمت کے لیے صرف کوالیفائیڈ اور اہل انجینئرز سے ہی رابطہ کیجئے. اس بات کا خیال رکھیں کہ مرمت شدہ سامان کو باقاعدہ سامان سے پہلے ٹیسٹ کرلیں.

غیر معیاری اور عارضی مرمت سے حادثات کا خطرہ رہتا ہے اور یہ ہیلتھ اینڈ سیفٹی کے بھی خلاف ہے.

معائنہ جات اور ٹیسٹ

سامان کو اٹھانے والی مشینیں بھاپ یا پریشر والے الات کا باقاعدہ معائنہ قانوناً لازمی ہے. سامان کے معائنہ جات کے لیے ٹیبل 2 دیکھئیے . یہ معائنہ جات صرف اہل افراد ہی سے کروانے چاہئیں. عموماً بھاپ اور پریشر پلانٹ کے معائنہ کے لیے ایسے ارراد کا CORG اہلیت کا حامل ہونا لازمی ہے گو فی الووقت اس کا اطلاق قاننی طور پر بڑے پلانٹس پر نہیں ہوتا.

کام کے سامان اور آلات کے حوالے سے 1998 کے قوانین کا اطلاق کیٹرنگ کے شعبے پر نہیں ہوتا ہے. کیٹرنگ کے سامان کے لیے دیکھ بھال کی ایک باقاعدہ منصوبہ بندی اور نظام ہی کافی ہوگا.

حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خوراک

کیٹرنگ کا کوئی بھی سامان منتخب کرتے ہوئے یا نسب کرتے ہوئے یا استعمال کرتے ہوئے یا اس کی دیکھ بھال کرتے ہوئے آپ کنانے پینے کی اشیاء اور اس کے اثرات کا جائزہ ضرور لیں. آپ کا لوکل ماحولیاتی صحت کا آفیسر (EHO) اس حوالے سے آپ کی رہنمائی کرسکتا ہے.

ٹیبل 2 تفصیلی معائنہ . جانچ اور ٹیسٹوں کے درمیان کا وقفہ

آلات	مجوزہ معائنہ جات کا وقفہ
گیس کے آلات	12 ماہ
پریشر ککر، پریشر فرائرز، بھاپ کے پین، بھاپ کے پائپ، واٹر بائلر اور دیگر بھاپ اٹھنے والے پریشر پلانٹ	کسی اہل فرد کی طرف سے جانچ کے بعد تیار رکدہ تحریری اسکیم
بجلی کے آلات (ہوٹلز، زیادہ خطرات کی جگہوں کے علاوہ جیسے کہ باورچی خانہ) بجلی کے آلات (باورچی خانے سے متعلق)	پورٹ‌ٹیبل (وہ سامان جو اپنی جگہ سے کسی دوسری جگہ پر منتقل کیا جاسکے) 1 سامان کے نقصان کا جائزہ لینے سے پہلے "یوزرچیک" اور اس کے تار اور پلگ کی جانچ 2 باقاعدہ بضری معائنے، 6.12 مہینے 3 مجموعی معائنہ اور ٹیسٹنگ 5-1 سال فیکسڈ (اپنی جگہ پر نسب سامان) انسٹیٹوشن آف الیکٹریکل انجینئر (IEE) کی جانب سے تجویز کردہ چار سالہ معائنہ اور ٹیسٹنگ ایسے ماحول میں جہاں کام کی رفتار اور مقدار زیادہ ہو (IEE) کی تجاویز کے مطابق وہاں معائنہ جات کی تعداد زیادہ ہونی چاہیے. مثلاً اگر یہ سامان پورٹیبل ہو تو: اس کی باقاعدہ بضری جانچ ایک ماہ مجموعی جانچ اور ٹیسٹ 6 ماہ اس ٹیبل میں آپ کو اس حوالے سے تفصیلی معلومات نہیں دی جاسکتیں کیونکہ کام کے تمام آلات اور مشینیں مختلف نوعیت کی ہوتی ہیں لہذا ان کی جانچ کا وقفہ بھی مختلف ہوگا. اس سلسلے میں آپ کسی قابل بھروسہ الیکٹریشن سے رہنمائی حاصل کیجئے.
بجلی کا سرکٹ	کسی قابل بھروسے الیکٹریشن کی ہدایات کے مطابق
سامان اٹھانے والے آلات مثلاً ہوئیسٹ، اور لفٹس (سامان اٹھانے کی کارکردگی کے حوالے سے قوانین 1998)	اگر تو یہ لفٹس افراد کے لیے استعمال ہو رہی ہیں تو ان کا معائنہ ہر 6 ماہ کے بعد ہونا چاہیے بصورت دیگر 12 ماہ کے وقفے کے بعد، یا پھر کسی اہل شخص کی ہدایات کے مطابق
فائر آلارم، آگ کے خطرے کا الارم/ آگ بجھانے کا سامان	فائر اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق آگ کے آلارم کے ٹیسٹ ہفتہ وار کیے جاتے ہیں جب کہ آگ بجھانے کے سامان کا معائنہ عموماً سالانہ کیا جاتا ہے.

مزید معلومات

Memorundum of guidance on the Electricity at Work Regulations 1989 HSR25 HSE Books 1989 ISBN 0 7176 16029

Safety in the installation and use of gas systems and Appliances. Gas Safety (Installation and Use) Regulations 1998 Approved Code of Practice and Guidance L56 HSE Books 1989 ISBN 0 7176 16355

Safe Use Work equipment. Provision and use of Work Equipment Reuglations 1998 Approved Code of Practice And guidance L22 HSE Books 1989 ISBN 0 7176266

Maintaining portable and transportable electrical equip ment HSG 107 HSE Books 1994 ISBN 07171607151

Urdu

Industry guide to Good hygiene practice: Catering guide 1998 ISBN 0 900 103 00 0 Priced publication available from Chadwick House Group Lted, Chadwick Court, 15 Hatfields, London SE1 8DJ. The: 020 7827 5882

Safety of pressure systems. Pressure Systems Safety Regulations 2000 Approved Code of Practice l 1622 HSE Books 2000 ISBN 0 7176 1767 X (due to be published May 2000)

HSEمفت معلومات

Maintaining prrtable electrical equipment in hotels and tourist accomodation INDG 237 HSE books 1996

Slips and trips: Summary guidance for the catering industry CAIS6 HSE Books 1996

Hiring and Leasing out of platn: Aplication of PUWER 98, Regulations 26 and 27 MISC 156 HSE Books 1998

اگرچہ کہ یہ حوالہ جاتی فہرست آپ کو ہر ممکنہ صحیح فراہم کی ہے تاہم ہم اس بات کی گارنٹی نہیں دے سکتے کہ یہ مطبوعات مستقبل میں بھی آپ کو مل سکتی ہیں.

HSE کی قیمتاً اور مفت مطبوعات میل آرڈر کے ذریعے مندرجہ ذیل پتے سے منگوائی جاسکتی ہیں

HSE Books PO Box1999, Sudbury, Suffolk, CO106FS
Tel:01787 88165, Fax:017887 313995

یہ **HSE** کی ویب سائٹ پر بھی آرڈر کی جاسکتی ہیں
www.hsebooks.co.uk

HSE کی قیمتاً مطبوعات کے لیے تمام معیاری بک سیلرز کے پاس دستیاب ہیں مزید معلومات کے لیے کی انفولائن **HSE** کی انفولائن (معلوماتی لائن : 08701545500 پر رابطہ کیجئے یا **HSE** انفارمیشن سینٹر پر لکھیئے پتہ ہے:

HSE,s Information Centre,
Broad Lane, Sheffield, S3 7HQ
www.hse.gov.uk:ویب سائٹ

اس لیف لیٹ میں بہتر عملی اقدامات کے لیے نوٹس دیئے گئے ہیں جن پر عمل کرنا آپ کے لیے ضروری نہیں ہے لیکن ہوسکتا ہے کہ یہ آپ جو کرنا چاہتے ہیں اس کے لیے یہ مدد گار ثابت ہوں.

اس اشاعت میں دیئے گئے مواد کو آپ با آسانی کہیں بھی استعمال کرسکتے ہیں سوائے اس کے کہ اُن کا تعلق چیزوں کی تشہیر، کسی مسودے کی منظوری یا مجرمانہ مقاصد سے نہ ہو. ان معلومات میں 3/00 تک کی اصطلاحات شامل ہیں. برائے کرمHSE ایچ ایس ای کے ذرائع تسلیم کیجئے.